# Rampur State Gazette.


رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۹ — مطبوعہ دو شنبہ تاریخ ۸ رمضان المبارک ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۳ نومبر ۱۹۳۶ء


## حصہ اول

## احکام اجلاس ہمایون اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | منظوری بابت منائے جانے "آرمسٹس ڈے" بیادگار صلح جنگ عظیم تاریخ ۱۱ نومبر ۱۹۳۶ء | ۲ | ۳ | منظوری مدت تخریج و تہذیب کاغذات متعلق صیغہ فائنانس دفتر محافظ خانہ صدر | ۳و۴ |
| ۲ | منظوری لحاظ ملازمت بوقت خلوے آسامی ارصنہ جات برائے صاحبزادہ سید عطا علی خاں بہادر | ″ | ۴ | منظوری گریڈ سپروائزر اہلکاران دفتر صدر اران علاقہ خام | ۳و۴ |
| | | | ۵ | تقرر صاحبزادہ عبدالجلیل خاں صاحب بہادر بعہدہ کو ہوم منسٹر | ۴ |
| | | | ۶ | مستقلی مسٹر محمود خاں صاحب بعہدہ انسپکٹر جنرل پولیس | ۵ |
| | | | ۷ | تبدیلی تاریخ سالگرہ ہر ہائینس بیگم صاحبہ دام اقبالہا | ″ |

## آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | منظوری الاونس برائے انچارج تحصیل ارجاند اوکلکتہ۔ | ۶ |
| ۲ | ″ ″ برائے ڈاکٹر شفاخانہ ٹانڈہ۔ | ″ |


(مطبوعہ سٹیٹ پریس رامپور)

# احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

## روبکار:-

واقع ۶ر نومبر ۱۹۳۶ء

بیادگار صلح جنگ عظیم ۱۱ر نومبر کو "آرمسٹس ڈے" منایا جاتا ہے۔ اور تمام مملکت میں دو منٹ کی خاموشی کا پروگرام ہوتا ہے۔ لہذا ۱۱ر نومبر ۱۹۳۶ء کو گیارہ بجے دن کے ایک توپ سر کی جائے۔ اور دوسری گیارہ بجکر دو منٹ پر۔ اس دو منٹ میں خاموشی رہے گی۔ تمام کاروبار و ٹریفک بند رہے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

## حکم:-

واقع ۶ر نومبر ۱۹۳۶ء

مزینہ عرضی صاحبزادہ سید عطاء علیخاں بہادر
سابق سیکنڈ لفٹنٹ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری
بابت عطائے پنشن بحالی خود

حکم

صیغہ فوج میں کوئی جگہ خالی نہیں ہے۔ دیگر صیغہ جات میں بوقت خلوئے جگہ عرضی گزار کا لحاظ کیا جائے۔ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ ۹ر نومبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

## حکم:-

واقع ۶ر نومبر ۱۹۳۶ء

تجویز مصرحہ عرضداشت متعلق تہذیب و تخریب کاغذات و رجسٹران صیغہ فائنانس منظور رہے۔ کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض — جناب عالی — میر سامانہ

محافظ خانہ صدر ریکشن ملاء میں ۱۹۰۹ء سے تہذیب نہ ہونے کے باعث کاغذات و رجسٹران کا انبار ہے۔ جس سے محافظ خانہ کی جگہ بالکل گھری ہوئی ہے۔ عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے اس سلسلہ میں برٹش انڈیا کے ریکارڈ کی مدت داشت کا لحاظ کرتے ہوئے برائے ریکارڈ صیغہ فائنانس حسب ذیل تجویز کی ہے:-

| نمبر شمار | تفصیل ریکارڈ | مدت داشت ریکارڈ بلحاظ صدر |
|---|---|---|
| ۱ | کاغذات ادائگی رقم، فہرست ادائگی رقوم، ٹیڈول والیات } خزانہ | ۱۲ سال |
| ۲ | رجسٹر آڈٹ متعلق تنخواہ و الاؤنس | ۱۲ سال |
| ۳ | رجسٹر جانچ متعلق پنشن | ۱۲ سال |
| ۴ | رجسٹر متعلق امانت خزانہ | دوامًا |
| ۵ | رجسٹر متعلق پنشن و احکام مجرائی | ״ |
| ۶ | برآورد ریل | ۱۲ سال |
| ۷ | بل بند خرچ | ۶ سال |
| ۸ | واؤچرس ادائگی متعلق حصول آراضیات | دوامًا |
| ۹ | تفصیلی تخمینہ جات بجٹ | ۱۲ سال |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ | رپورٹ ہائے پنچ | ۲۵ سال |
| ۱۱ | رپورٹ ہائے معائنہ جات سب ڈویژن و دیگر محکمہ جات | ۵ سال |
| ۱۲ | رپورٹ و احکام متعلق معاملات پنشن | ۲۰ سال |
| ۱۳ | اسناد مجرائی خزانہ | دوامی |

---

تجویز مذکور کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۷ر اکتوبر ۱۹۳۷ء میں پیش ہوئی۔ جس سے کونسل کو اتفاق ہے۔ بنا بریں ترتیب مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے، دیگر صیغہ جات سے علیحدہ معلوم کیا گیا ہے۔ جس کی کارروائی بعد میں ہوگی۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

عرض

زیر دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۹ر نومبر ۱۹۳۷ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل اندراج گزٹ ہو

۹ر نومبر ۱۹۳۷ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

......ـــــ......

**حکم:** واقع ۱۰ر نومبر ۱۹۳۷ء

تجویز مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلون۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

---

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

---

بعرض    میرسامان

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۷ر اکتوبر ۱۹۳۷ء میں

تجویز عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر بابت منظوری گریڈ سربراہکاران و ضلعداران علاقہ خام بہ تفصیل پیش ہوئی کہ:۔

(۱) بجٹ ۱۹۳۷-۳۸ء میں مبلغ [illegible] علاقہ خام کے عملہ کے گریڈ کے لئے رکھے گئے ہیں۔ گریڈ کمیٹی نے سربراہکاروں کے لئے [illegible] کا گریڈ اور ضلعداروں کے لئے [illegible] کا گریڈ مقرر کیا لیکن اس امر کی وضاحت نہ کی کہ ہر دو گریڈ کے لئے کتنی کتنی آسامیاں گریڈ کی مستحق ہونگی۔ سربراہکاران اور ضلعداران کی تعداد و تنخواہ کی صراحت حسب ذیل ہے۔

الف۔ سربراہکاران

| موجودہ تعداد | موجودہ تنخواہ | مجوزہ تعداد | مجوزہ تنخواہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | [illegible] | | [illegible] |
| ۲ | [illegible] فی کس ماہانہ | ۳ | [illegible] فی کس ماہانہ |
| . | [illegible] | ۳ | [illegible] فی کس ماہانہ |
| ۲ | [illegible] فی کس ماہانہ | ۳ | [illegible] فی کس ماہانہ |
| ۲ | [illegible] فی کس ماہانہ | ۲ | [illegible] فی کس ماہانہ [illegible] |
| ۱۴ | [illegible] | ۱۴ | [illegible] |

ب۔ ضلعداران۔

| موجودہ تعداد | موجودہ تنخواہ | مجوزہ تعداد | مجوزہ تنخواہ |
|---|---|---|---|
| ۳ | [illegible] فی کس ماہانہ | ۳ | [illegible] فی کس ماہانہ |
| ۵ | [illegible] فی کس ماہانہ | ۲۰ | [illegible] فی کس ماہانہ |
| ۱۳ | [illegible] فی کس ماہانہ | ۴۰ | [illegible] فی کس ماہانہ |
| ۸۲ | [illegible] فی کس ماہانہ | ۶۱ | [illegible] فی کس ماہانہ |
| ۳۶ | [illegible] فی کس ماہانہ | . | [illegible] فی کس |
| ۱۳۹ | [illegible] | ۱۲۵ | [illegible] |

فرق سالانہ [illegible]

صراحت بالا سے واضح ہے کہ ضلعداران کی تعداد ۱۳۹ کی بجائے ۱۲۵ کر دی گئی ہے۔

(۲) عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ منجملہ ان آسامیوں کے

چودہ آسامیان صدر اہلکاران کی اور ایک سو پانچ آسامیان ضلعداران کی قابل پنشن قرار دی جائیں۔ باقیماندہ ضلعداران شاہرہ داران بیس روپیہ ماہوار تک کی آسامیان منجملہ کے قابل پنشن نہیں ہونگی۔ لیکن ان بیس آسامیوں کے جو ضلعداران اپنی خوش اسلوبی کار کی بابتہ عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کو اطمینان دلادیں گے، تو ان کو اختیار رہوگا کہ وہ اپنے ضلعداران کے کسی قابل پنشن آسامی ضلعداری پر تبادلہ کیصورت میں ان کی سابقہ ناقابل پنشن خدمت کو قابل پنشن قرار دے سکیں۔

(۳) کسی موجودہ ملازم کی تنخواہ میں کمی نہیں کی جائے گی۔ ترقی صرف حسن کارکردگی کی حالت میں ملے گی۔ کل مزید مصارف کا تخمینہ ـــــــــ ہے جس کا انتظام مبلغ ـــــــــ کی رقم برائے گریڈ ضلعداران سے ہوگا۔ کونسل نے تجویز معروضہ بالا سے اتفاق کرلیا ہے بنابرآں ترقی خواہ مستدعی ہے کہ بارگاہ ہمایوں سے حکم منظوری تجویز معروضہ بالا شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد عرض

عرضداشت ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۳۰ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو ۱۱ر نومبر ۱۹۳۶ء۔ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

---

## روبکار:-　　واقع ۱۴ر نومبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

صاحبزادہ عبدالجلیل خاں بہادر خلف عالیمرتبت صاحبزادہ عبدالمجید خاں بہادر ایڈیشنل ریونیو منسٹر کی خدمات دوسال کیواسطے بشرائط ذیل حاصل کی گئی ہیں۔ لہذا ان کو ریاست میں ہوم منسٹر مقرر کیا جاتا ہے۔ صیغہ جات متعلقہ ہوم منسٹر کا تعین روبکار مصدرہ ۳۱ر اکتوبر ۱۹۳۶ء میں ہوچکا ہے۔ عالی مرتبت صاحبزادہ عبدالجلیل خاں بہادر ہوم منسٹر صیغہ جات متعلقہ کا کام ۱۴ر نومبر سے انجام دیں گے۔

(۱) تنخواہ موجودہ چھ سو روپیہ ماہوار پر پچیس فیصدی اضافہ ہوکر ریاست میں سات سو پچاس روپیہ ماہوار ملیگی۔ اور اضافہ گریڈ بیس روپیہ جس کے وہ بموجب قواعد گورنمنٹ مستحق ہوں گے۔ پچیس فیصدی اضافہ ہوکر انکو دیا جائیگا۔

(۲) مکان برائے رہائش منجانب ریاست دیا جائیگا۔ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر انتظام کریں۔

(۳) موٹر کار یا الاؤنس سواری ریاست سے دیا جائے گا۔

(۴) سفر خرچ بموجب قواعد ریاست ملیگا۔

(۵) تنخواہ جوائننگ ٹائم بموجب تنخواہ گورنمنٹ ملیگی

(۶) چندہ رخصت و پنشن بموجب فنڈامنٹل رول ریاست سے دیا جائے گا۔

(۷) سفر خرچ جوائننگ ٹائم ہر دو جانب بموجب قواعد برٹش انڈیا ریاست سے دیا جائے گا۔

(۲) عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر رکن اسٹیٹ کونسل و جوڈیشل کمیٹی ہوں گے۔ نظام نامہ ہائی کورٹ میں اگر ترمیم کی ضرورت ہو تو عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر ۱۴ر نومبر تک رپورٹ پیش کریں۔

(۳) بجٹ دفتر و عملہ عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کا انتظام عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بمشورہ عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کرکے رپورٹ برائے منظوری پیش کریں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام دارالانشاء میں رہیں۔

## روبکار:-

واقع ۱۲ر نومبر سنہ ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عالیمرتبت مسٹر جی۔ ڈی۔ پارکن صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی خدمات بعد ختم رخصت گورنمنٹ کو واپس کیجاتی ہیں اور انکی بجائے عالیمرتبت مسٹر محمود خاں صاحب۔ آفیشیٹنگ انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو مستقل انسپکٹر جنرل پولیس مقرر کیا جاتا ہے۔ انکو وہی تنخواہ ملے گی جو بزمانہ آفیشیٹنگ انسپکٹر جنرل مل رہی ہے۔

مسٹر جی۔ ڈی پارکن نے خدمات متعلقہ نہایت قابلیت اور خوش اسلوبی کیساتھ انجام دی ہیں۔ مابدولتہ واقبالہ ان کی حسن خدمات کی قدر فرماتے ہیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ کیجائے

---

## روبکار:-

واقع ۱۲ر نومبر سنہ ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۶ء کو روبکار صادر ہوا ہے۔ کہ جشن سالگرہ مابدولت واقبال ۸ر دسمبر سنہ ۱۹۳۶ء کو۔ اور سالگرہ ہر ہائینس بیگم صاحبہ ۱۰ر دسمبر سنہ ۱۹۳۶ء کو ہوگی۔ اب تاریخ جشن سالگرہ ہر ہائینس بیگم صاحبہ یکم مارچ سنہ ۱۹۳۷ء مقرر کی جاتی ہے۔ بجائے ۱۰ر و ۱۱ر دسمبر کے یکم و ۲ر مارچ سنہ ۱۹۳۷ء کو تعطیل ہوگی

تاریخ جشن سالگرہ مابدولت واقبال بدستور ۸ر دسمبر سنہ ۱۹۳۶ء رہے گی۔ اور ۸ر و ۹ر دسمبر کی تعطیل ہوگی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

# آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

**آرڈران کونسل:-** واقع پنجم نومبر ۱۹۳۷ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۰ ؍ اکتوبر ۱۹۳۷ء میں تجویز عالیجناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر بابت منظوری آفیشیٹنگ الاؤنس دس روپیہ ماہوار برائے منشی محمد ابراہیم خانصاحب تحصیلدار انچارج جائداد محکمہ پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب تعلق فائنانس منشی محمد ابراہیم خانصاحب انچارج تحصیلدار جائداد محکمہ کو آفیشیٹنگ الاؤنس عہ روپیہ ماہوار یکم مئی ۱۹۳۷ء سے منظور کیا جاتا ہے۔ از مئی ۱۹۳۷ء تا مارچ ۱۹۳۸ء گیارہ ماہ کے لئے ایکسو دس روپیہ کی منتقلی بجٹ فنانس کی مد ادائیگی الاؤنس کارگزاری بابت تعدادی دس ہزار روپیہ ۱۰۰۰۰ سے بجٹ جائداد محکمہ کی مد مشاہرات میں کیجئے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

**آرڈران کونسل:-** واقع ۸ نومبر ۱۹۳۷ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۸ نومبر ۱۹۳۷ء میں بہ منظوری الاؤنس عہ ماہوار ڈاکٹر شفاخانہ قصبہ ٹانڈہ بسلسلہ معائنہ سامان ذبیح از ۱۴ مئی ۱۹۳۷ء یوم کارکردگی پیش ہو کر طے پایا کہ:-

ڈاکٹر شفاخانہ ٹانڈہ کا عہ ماہوار الاؤنس یوم کارکردگی سے اس شرط پر منظور کیا جاتا ہے کہ بسلسلہ معائنہ سامان انکے فرائض منصبی میں کوئی ہرج واقع نہ ہوگا۔ رقم الاؤنس کی ٹاؤن ایریا فنڈ میں گنجائش ہے۔ صیغہ فائنانس کو اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔